نے شروع میں ہی دونوں مقالات کا خلاصہ دے دیا ہے اور اس پر اپنی رائے بھی ظاہر کر دی ہے۔ اگرچہ وصوف کی طرح ہم کو بھی ان دونوں مقالات کے بعض اجزا سے اتفاق نہیں ہے علی الخصوص ان اجزا سے احادیث کی صحت و استناد سے یا اسلام میں عورتوں کی حیثیت۔ تعدد ازدواج یا تقدیر وغیرہ سے متعلق ہیں تاہم اس میں شبہ نہیں کہ دونوں مقالات غور و فکر اور محنت و تلاش سے لکھے گئے ہیں اور اس لحاظ سے اس قابل ہیں کہ ان کا مطالعہ کیا جائے۔ اسلامی تاریخ و فلسفہ کے ایک طالب علم کو غور و فکر کرنے کے لئے ان میں کافی مواد مل سکتا ہے اس خاص نمبر کے علاوہ اسلامک لٹریچر کی ہر اشاعت بھی اس لائق ہوتی ہے کہ ارباب ذوق اس کا مطالعہ کریں اور اس سے فائدہ اٹھائیں۔

یقین

یہ دار التصنیف لمیٹڈ کراچی کا پندرہ روزہ رسالہ ہے جس کے اب تک اکیس نمبر نکل چکے ہیں اس کا مقصد اسلام کو قرآن و سنت کی روشنی میں پیش کرنا اور ناواقفوں کو اسلام کی تعلیمات اور اس کے افکار سے واقف کرنا ہے۔ اب تک یقین کے جتنے نمبر ہماری نظر سے گذرے ہیں ان کے پیش نظر یہ بوثوق کہا جا سکتا ہے کہ رسالہ اپنے مقصد میں کامیاب ہے اور دوسرے مقالات و مضامین کے علاوہ جو مختلف اربابِ قلم کے لکھے ہوئے ہوتے ہیں خود لائق اڈیٹر اور دوسرے ارکانِ ادارت کے لکھے نوٹ اور افتتاحیے بھی دلچسپ، مفید اور موثر ہوتے ہیں، امید ہے کہ انگریزی داں اصحاب اس کی توسیع اشاعت میں حصہ لے کر ثواب دارین حاصل کریں گے۔

مغربی پاکستان میں اس کی قیمت سالانہ چار روپیہ اور مشرقی بنگال میں بذریعہ ہوائی جہاز پانچ روپیہ آٹھ آنہ۔ فی کاپی ۲ر پتہ:۔ دار التصنیف لمیٹڈ کراچی

صوت الاسلام

انگریزی میں اس کا نام Voice of Islam ہے۔ یہ ابھی حال میں کراچی سے جناب محمد فضل الرحمٰن صاحب انصاری کی ادارت میں نکلنا شروع ہوا ہے کہ ایک